سوال نمبر: 13181

منجانب: جناب صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب، ایم پی اے

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیا وزیر کھیل ثقافت ارشاد فرمائیں گے کہ	
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں سیاحتی مقامات کی ترقی کیلئے فنڈز مختص کیا گیا ہے؟	جی ہاں یہ درست ہے کہ صوبے میں سیاحتی مقامات کی ترقی کیلئے فنڈز مختص کیا گیا ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو سیاحتی مقامات کی ترقی کیلئے کون کون سے اضلاع اور ان کے روڈ شامل کئے گئے ہیں۔ نام، مقامات اور مختص شدہ رقم کی ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز پی کے 11 اپر دیر میں سیاحتی مقامات سکائی لینڈ، قادر کنڈو، کاروٹاپ شکیلئی ٹاپ اور جیلا ٹاپ شامل کئے گئے ہیں اگر نہیں تو وجہ بتائی جائے۔	سیاحتی مقامات کی ترقی اور روڈز کیلئے ملاکنڈ اور ہزارہ ڈویژن شامل کئے گئے ہیں، ملاکنڈ ڈویژن میں سیاحتی مقامات کو جانے والی سڑکوں کیلئے 4812.7 ملین، جبکہ ہزارہ ڈویژن میں سیاحتی مقامات سے منسلک سڑکوں کی تعمیر کیلئے 4655 ملین کی رقم رکھی گئی ہے۔ جن میں ملاکنڈ ڈویژن میں منظور شدہ سڑکوں میں برج ہانڈہ روڈ شانگلہ کی 4.5 کلومیٹر سڑک کی تعمیر کیلئے 205.228 ملین، کافر ہانڈہ روڈ شانگلہ کی 14 کلومیٹر روڈ کی تعمیر کیلئے 828.747 ملین، ڈاگ سرچار ونا روڈ بونیر کی 7 کلومیٹر تعمیر کیلئے 357.118 ملین، آنا کار روڈ سوات کی 3 کلومیٹر روڈ کی تعمیر کیلئے 193.518 ملین، مرغزار ایلم روڈ سوات کی 8 کلومیٹر کی تعمیر کیلئے 632.449 ملین، مدین بشی گرام آبشار روڈ سوات کی 6 کلومیٹر روڈ کی تعمیر کیلئے 488.750 ملین، آرین دارل روڈ سوات کی 4 کلومیٹر تعمیر کیلئے 292.746 ملین، گودر آبشار روڈ کالام کی 3 کلومیٹر تعمیر کیلئے 236.699 ملین کی رقم، بھیلا بشی گرام روڈ کی 4 کلومیٹر تعمیر کیلئے 418.632 ملین، چھیل بشی گرام روڈ کی 9 کلومیٹر تعمیر کیلئے 585.983 ملین، جارو گو آبشار تک 8 کلومیٹر روڈ کی تعمیر کیلئے 572.830 ملین، منکیال تا بڑھ سرائے جبہ روڈ سوات 22 کلومیٹر کی تعمیر کیلئے 3480.929 ملین رقم شامل ہے۔ ہزارہ ڈویژن میں ماہ نور ویلی مانسہرہ کی 15 کلومیٹر سڑک کی تعمیر کیلئے 916.340 ملین، گھنول پارکنگ روڈ مانسہرہ کی 9 کلومیٹر کی تعمیر کیلئے 537.262 ملین، شوگران روڈ مانسہرہ کی 11 کلومیٹر سڑک کی تعمیر کیلئے 624.146 ملین، منڈی مالی روڈ مانسہرہ کی 20 کلومیٹر کی تعمیر کیلئے 1242.756 ملین، لواز آباد تا منڈی مانسہرہ کی 12 کلومیٹر تعمیر کیلئے 762.071 ملین، ہری پور کوہل گلی تا چھوڑا سرائے تک 7.5 کلومیٹر تعمیر کیلئے 572.559 ملین، شیخ بدین سیاحتی مقام تک رسائی کیلئے 30.4 کلومیٹر سڑک کی تعمیر کیلئے 3044.560 ملین، ٹھنڈیانی روڈ ایبٹ آباد توسیع 24.377 کلومیٹر کی تعمیر کیلئے 2584.511 ملین شامل ہیں۔ دیر اپر کے وہ مقامات جن کی نشاندہی اس سال کی گئی ہے ان کی سیاحتی استعداد اور ان کی تشخیص کیلئے فزیبلیٹی سٹڈی کی گئی ہے جس کے تحت بین الاقوامی معیار کے کنسلٹنسی فرمز کی خدمات حاصل کی جا رہی ہیں، یہ فرمز سیاحتی مقامات کی ماسٹر پلاننگ کے ساتھ ساتھ مجوزہ پراجیکٹ ڈیزائننگ بھی کرے گی، انشاءاللہ دیر اپر کے سیاحتی مقامات کے لئے ایک جامع اور مربوط پلان کے تحت اے ڈی پی سکیم اگلے مالی سال میں رکھی جا رہی ہے۔

Scanned with CamScanner